سوال

(213)احرام باندھنے کے بعد دو نفل ادا کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

احرام باندھنے کے بعد دو نفل نیت احرام عمرہ یا حج پڑھنا کیسا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے احرام کی نیت کرنے اور تلبیہ پڑھنے سے پہلے دو رکعت نماز پڑھنا ثابت ہے۔ نافع بیان کرتے ہیں کہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ جب مکہ کی طرف نکلنے کا ارادہ کرتے تو ایسا تیل استعمال کرتے جس کی مہکنے والی عمدہ خوشبو نہ ہوتی، پھر مسجد ذوالحلیفہ میں آ کر دو رکعت نماز ادا کرتے پھر اونٹنی پر سوار ہو جاتے جب وہ سیدھی کھڑی ہو جاتی تو تلبیہ کہتے اور فرماتے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسے ہی کرتے دیکھا ہے۔

(صحیح البخاری کتاب الحج باب الاھلال مستقبل القبلہ، صحیح مسلم)

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ احرام باندھنے اور تلبیہ کہنے سے پہلے دو رکعت پڑھنا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے اسی طرح ابوداؤد کتاب المناسک باب فی وقت الاحرام میں عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

تفہیمِ دین

کتاب الحج، صفحہ: 269

محدث فتویٰ